جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ مشہور آرٹسٹ گل جی (مرحوم) کا گھر نتھیا گلی میں پلاٹ نمبر 76 اور 76-A موجود ہے۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) (i) مذکورہ گھر کے کاغذات آرٹسٹ گل جی (مرحوم) کے نام پر ہیں اور کسی نے اس کو فروخت نہیں کیا۔

(ii) اس ضمن میں عرض ہے کہ مذکورہ بالا جوابات چونکہ اثبات میں نہیں ہیں، لہذا مزید تفصیل کی ضرورت نہیں ہے۔

809_ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر بلدیات و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی ضلع ایبٹ آباد میں تعینات اہلکار مختلف سکیموں میں کام کر رہے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی میں کل کتنے اہلکار ہیں اور وہ کونسی آسامیوں پر کام کر رہے ہیں؛

(ii) گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کا سالانہ خرچہ کتنا ہے؛

(iii) گزشتہ دو سالوں کے دوران کل کتنے ملازمین گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی میں بھرتی کئے گئے ہیں؛

(iv) مذکورہ بھرتی شدہ افراد کی گریڈ وائز تفصیل اور ان کے نام، پتے اور تعلیمی قابلیت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی میں کل 106 اہلکار مختلف عہدوں پر تعینات ہیں، جن کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(ii) رواں مالی سال 10-2009 کے بجٹ کے مطابق ترقیاتی اور غیر ترقیاتی مد میں 157.305 ملین کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جس کی منظوری بورڈ آف اتھارٹی نے اپنے منعقدہ اجلاس مورخہ 28 جولائی 2009 میں دی ہے۔

(iii) گزشتہ دو سالوں میں 11 ملازمین مختلف عہدوں پر کنٹریکٹ/فکسڈ پے پر تعینات کئے گئے ہیں۔

(iv) مذکورہ بالا تعینات ملازمین کے کوائف کی مطلوبہ تفصیل فراہم کی گئی۔

827 _جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر بلدیات و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی ایبٹ آباد نے مختلف جگہوں پر سرکاری اراضی لیز پر دی ہوئی ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کو مذکورہ لیز سے ہر سال آمدنی حاصل ہوتی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) کل کتنی اراضی کتنے سالوں کیلئے لیز پر دی گئی ہے؛

(ii) مذکورہ اراضی سے سالانہ کتنی آمدنی حاصل ہوتی ہے، نیز کتنا خرچہ کہاں کہاں آتا ہے؛

(iii) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران مذکورہ اراضی سے حاصل ہونے والی آمدن اور خرچ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) (i) لیز پر دی گئی اراضی کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(ii) اراضی مذکورہ سے تقریباً مبلغ -/4,143,877 روپے سالانہ آمدنی ہوتی ہے، یہ آمدن سالانہ بجٹ کا حصہ بنتی ہے جو ترقیاتی اخراجات پر مشتمل ہوتی ہے۔

(iii) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران -/20,719,384 روپے آمدن ہوئی ہے اور اخراجات -/95,915,629 روپے ہوئے ہیں، جس کی تفصیل فراہم کی گئی۔

1130 _الحاج حبیب الرحمان تنولی: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ٹی ایم اے اوگی ضلع مانسہرہ کو 2002 کے بعد مرکز، صوبے اور DRU نامی NGO نے فنڈز فراہم کئے تھے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ فنڈز جن سکیموں پر خرچ کئے گئے ہیں، ان کے پراجیکٹ لیڈر، ٹھیکیدار کا نام اور رقم کی مقدار یونین کونسل وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) 2002 کے بعد مرکز اور صوبائی حکومت کی طرف سے ٹی ایم اے اوگی کو کوئی فنڈ نہیں ملا، البتہ 09-2008 میں DRU (District Rehabilitation Unit) مانسہرہ نے ٹی ایم اے اوگی کو فنڈز فراہم کئے ہیں۔

(ب) DRU مانسہرہ نے ٹی ایم اے اوگی کو جو فنڈز فراہم کئے ہیں، ان کی تفصیل بمعہ نام، ٹھیکیدار اور رقم کی مقدار یونین کونسل وائز فراہم کی گئی۔

1196 _ جناب شاہ حسین خان: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ریگی للمہ ٹاؤن شپ سکیم 1989 سے شروع کی گئی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ جن لوگوں کو پلاٹ الاٹ کئے گئے ہیں، انہوں نے پلاٹوں کی تمام اقساط جمع کر دی ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ 1989 سے تاحال کسی کو پلاٹ کا قبضہ نہیں دیا گیا ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت پلاٹ مالکان کو کب تک قبضہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) پلاٹس کے بیشتر مالکان نے تمام اقساط جمع کرائی ہیں۔ کچھ مالکان کے ذمے اقساط واجب الادا ہیں۔

(ج) پی ڈی اے نے ریگی للمہ سکیم میں مالکان کو پلاٹ کے قبضے دینا شروع کئے ہیں۔ اس سلسلے میں خیبر پختونخوا کے سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی) جناب بشیر احمد بلور صاحب اور وزیر اطلاعات و نشریات جناب میاں افتخار حسین صاحب نے بمورخہ 22-07-2010 کو ریگی ماڈل ٹاؤن کے زون 3 اور 4 کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر زون 3 اور 4 کے پلاٹس مالکان کو قبضے کے کاغذات دیئے۔ ان زونز میں جو مالکان قبضے کیلئے

درخواست دیں گے، ان کو معمول کے مطابق قبضہ دیا جائے گا جبکہ باقی زونز یعنی 1، 2اور 5 میں کوکی خیل قبائیل کے ساتھ زمین کے قبضے پر بات چیت ہو رہی ہے اور جلد ہی مذکورہ زونز میں ترقیاتی کام دوبارہ شروع ہو جائے گااور ساتھ ہی ترقیاتی کام مکمل ہوتے ہی متعلقہ الاٹیز کو قبضہ دیا جائے گا۔

(د) ایضاً۔

اراکین کی رخصت

Mr. Deputy Speaker: Leave applications of honourable Members.

جناب حبیب الرحمان تنولی صاحب 11-02-2011، جناب عنایت اللہ خان جدون صاحب 11-02-2011 تا 15-02-2011، جناب حافظ اختر علی صاحب 11-02-2011، جناب سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب 11-02-2011، راجہ فیصل زمان خان 11-02-2011، کشور کمار 11-02-2011، محمو تیمور 11-02-2011، Is it the desire of the House that the Leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اگر ایک منٹ اجازت ہو؟

جناب ڈپٹی سپیکر: اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب پلیز۔

رسمی کارروائی

اراکین اسمبلی کے متعلق تضحیک آمیز اخباری بیان

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو سر، تھینک یو سر۔ سر، میں آپ کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ سر، ایک مخصوص اخبار چند دنوں سے اس اسمبلی جو کہ ہمارا ادارہ ہے اور جمہوریت میں ایک Pillar کی حیثیت رکھتا ہے، سر، اگر آپ دیکھیں، اس کی جو رپورٹنگ ہے اور اس میں ایک صحافی صاحب ہے جو کہ وقتاً فوقتاً اس قسم کے بیانات جاری کرتے ہیں، جس سے مقصد اس ادارے کی تضحیک ہے۔ کبھی کہا جاتا ہے کہ ممبران اسمبلی چالیس دن چھٹی پہ رہے اور پچپن دن حاضر رہے۔ سر، یہ سکول تو نہیں ہے کہ صبح یہاں پر حاضری لگتی ہے اور جو آئے ہیں، انہوں نے ڈیڑھ کروڑ روپے لے لیے ہیں۔ سر، رولز اس سلسلے میں واضح

ہیں۔ آج جو Present ہیں، وہ ہی اس چیز کو Monday پر Claim کر سکتے ہیں اور یہاں پر تو سر، بعض اوقات کورم بھی مشکل سے پورا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سر، اگر آپ دیکھیں، کل کے اخبار میں انہوں نے ایک رپورٹ لکھی ہے، جس پر ابھی ایکٹ بھی اسمبلی کا بنا نہیں ہے، اس میں انہوں نے جو Language استعمال کی ہے، وہ Language اس قسم کی ہے کہ "ممبران اسمبلی کی کنواری بہنیں" سر، یہ کسی بھی طریقے سے ایک مہذب گفتگو نہیں ہے۔ سر، ایک شخص نے اپنی والدہ سے کہا کہ " میرے والد کی بیوی مجھے پانی دو" اور دوسرے نے کہا کہ "میری ماں مجھے پانی دو" اس نے ایک کو پانی دیا، دوسرے کو طمانچہ دیا اور سر، وہ اس وجہ سے دیا کہ دونوں کی بات ایک ہی تھی۔ اگر یہ غیر شادی شدہ کے الفاظ استعمال کرتے تو ہم بھی یہ کہتے کہ Unmarried sisters اور ان کیلئے انہوں نے لکھا ہے کہ وہ اگر Dependent نہ بھی ہوں تو بھی اگر ان کو کوئی بیماری لاحق ہو جائے تو وہ اپنے میڈیکل الاؤنسز Claim کریں گے۔ سر، میں اس میں یہ توجہ چاہتا ہوں کہ ایک اخبار کا صحافی اس قسم کی تضحیک آمیز گفتگو کرے تو کیا ہم ممبران اسمبلی صرف اس وجہ سے خاموش رہیں گے کہ کل کو ہمارے میڈیا کے دوستوں کو یہ بات بری نہ لگے؟ میں تو سر، سمجھتا ہوں کہ یہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بشیر بلور صاحب! دوئ له لږ توجه ورکړئ، د اخبار باره کښے څه خبره کوی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: ہمارے میڈیا کے دوست ہیں، ان کو بھی اس چیز کی Condemnation کرنی چاہیئے اور اس ہاؤس کو کھڑا ہونا چاہیئے کہ سر، یہ کیا طریقہ ہے؟ (تالیاں) کیا یہ ہمارے Terms dictate کریں گے، کیا یہ ہمارے خلاف اس قسم کی باتیں کریں گے اور اس سے خاموش ہوں گے کہ کل کو یہ نہ ہو کہ بات کا بتنگڑ بن جائے؟ اگر بات کا بتنگڑ بنتا ہے تو بالکل بن جائے لیکن سر، اگر یہ بندہ ہمارے سامنے آئے، میں تو سمجھتا ہوں کہ سر، کوئی بھی اگر ممبران اسمبلی کا کہتا ہے تو وہ کوئی ایک کی بہن نہیں ہے، وہ سب کی اپنی اپنی بہنیں ہیں اور اس طریقے سے اگر وہ کہیں گے اور ہمیں Malign کریں گے تو سر، میں توجہ چاہتا ہوں اس ہاؤس کی کہ یہ ہماری Breach of Privilege ہے، اس میں سر، 13 میں کہتا ہے: "Wilfully publishing any false or perverted report of any debates or proceedings of the Assembly or any Committee or

wilfully misrepresenting any speech made by a Member before the Assembly or any Committee" اس کیلئے Imprisonment of three months۔

اس طریقے سے جو آپ کا سیکشن 15 ہے، وہ کہتا ہے: "Publication of any defamatory or derogatory statement reflecting on the proceedings or the character of the Assembly"، اس کیلئے بھی سر، انہوں نے Three months کی سزا تجویز کی ہے۔ اس طریقے سے 17 میں کہا جاتا ہے کہ: "Making, publishing any maliciously false, scandalous, defamatory or derogatory statement concerning any Member in respect of his conduct as a Member or an officer of the Assembly"، اس کیلئے بھی اپنی سزا ہے اور اسی طریقے سے سر، 19 میں کہا جاتا ہے کہ: "Publication of any proceedings or report of a Committee before they are reported to the Assembly" اور اس کیلئے انہوں نے تین ماہ قید کی سزا یا پانچ ہزار روپے Fine تجویز کیا ہے۔ سر، میں یہ کہتا ہوں کہ ہمیں کھڑا ہونا چاہیئے اور اس قسم کے اقدام کی مذمت کرنی چاہیئے، یہ نہیں ہے کہ یہ گورنمنٹ پہ تبصرہ ہے یا ایکٹ کا وہ ہے؟ سر، یہ پورے ممبران اسمبلی کی تضحیک کر رہے ہیں اور Wilfully کر رہے ہیں اور اس انداز میں کر رہے ہیں کہ اس ادارے کو خراب کیا جائے۔ سر، وکی لیکس کی رپورٹیں ابھی آرہی ہیں، مجھے تو یہ لگتا ہے کہ روزنامہ 'مشرق' کی جو لیکس ہیں، وہ اس سے بھی خطرناک ہیں اور سر، وہ اس انداز میں کر رہے ہیں کہ وہ جان بوجھ کر ہمیں خراب کر رہے ہیں تو سر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ صرف میرا نہیں بلکہ اس پوری اسمبلی کا استحقاق ہے اور اگر آپ Allow کریں تو سر، میں ان کے خلاف تحریک استحقاق لاتا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ آپ اس کو کمیٹی کو ریفر کریں اور ہم ان کو بلائیں کہ آیا یہ اخبار کی پالیسی ہے؟ اگر اخبار کی پالیسی نہیں ہے تو اخبار اس کو Disown کرے اور آپ اس بندے کو Persona non grata ڈکلیئر کرتے ہوئے دوبارہ اس ہاؤس میں نہ آنے دیں کیونکہ سر، اگر اس قسم کے بندے آئیں گے اور ہمیں Malign کریں گے تو سر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس ادارے کا، یہاں پر جو محنت ہو رہی ہے اور جو قانون سازی ہو رہی ہے، اس کا صرف بیڑا غرق ہو رہا ہے۔ کل کو ہم اپنے حلقوں میں جاتے ہیں تو پہلے اس قسم کی اپنی صفایاں دیں گے کہ نہیں ہم آپ کیلئے لگے ہوئے تھے، میں نے دو گھنٹے آپ کیلئے یہ تجویزیں وہاں دی تھیں، منسٹر صاحب نے یہ کہا تھا اور ایک بندہ بیٹھ کر اور وہ اپنے آپ کو

عقل کل سمجھتے ہوئے اس قسم کی رپورٹنگ کرے تو سر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ قابل مذمت ہے۔ میری گورنمنٹ سے بھی استدعا ہے اور آپ سے بھی درخواست ہے کہ اسی سیشن میں اگر Monday کو ہم ان کے خلاف تحریک استحقاق لے آئیں اور آپ اس کو ایڈمٹ کر لیں تاکہ ریفر ہو سکے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالاکبر خان پلیز۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، یہ حقیقت میں بہت بری خبر ہے، وہ خبر میں نے بھی دیکھی ہے اور یقین کریں جب میں نے وہ دیکھی تو مجھے بہت بہت افسوس ہوا کہ یہاں پر ہم اسمبلی میں آکر، جناب سپیکر! یہاں پر ٹھیک ہے، میں سمجھتا ہوں کہ بعض اوقات ہو سکتا ہے لیکن ہم سیریس بزنس کرنے کیلئے یہاں پر آتے ہیں لیکن اس طرح کی Statement اخبار میں آتی ہے تو ہمارے حلقوں میں لوگ ہمارے متعلق کیا رائے قائم کریں گے؟ جناب سپیکر، وہ تو اخبار دیکھتے ہیں، ان کو تو پتہ نہیں ہے کہ اندر پروسیڈنگز میں یہ ممبران کیا کر رہے ہیں مگر یہاں پر اخبار میں اپنی طرف سے وہ لکھائی کر کے ہماری Character assassination کر رہے ہیں۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ پرسوں کی بھی ضرورت نہیں ہے، Monday کو بھی ضرورت نہیں ہے، آج ہی یہ پریویلج موشن ہے، اس کو Convert کر کے کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، صرف میں نہیں بلکہ سب ممبران جناب گنڈاپور صاحب کے بڑے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے آج اسمبلی میں یہ پوائنٹ چھیڑا ہے۔ سر، حقیقت یہ ہے کہ جتنے بھی صحافی برادران ہیں، وہ تو میرے خیال میں زیادہ سے زیادہ، یعنی کسی نے بھی ایسی کوئی جرنلزم کی ہی نہیں ہو گی، میرے خیال میں زیادہ سے زیادہ بی اے تک یا ایف اے تک انہوں نے پڑھا ہو گا اور یہاں بیٹھ کر اسمبلی کے کبھی کبھی، سر! میں نے پچھلے سال پڑھا تھا اور آپ لوگوں نے بھی دیکھا ہو گا، انہوں نے لکھا تھا کہ "ایم پی ایز صاحبان نے 80 لاکھ کی چائے ڈکار دی" اس قسم کی Statements اور اس قسم کے بیانات سے ان کو کیا فائدہ ہے؟

یہ صرف اسلئے کہ ممبران کی تضحیک ہو رہی ہے تو سر، میرے سارے اسمبلی والے ممبران اس کو سپورٹ کرتے ہیں کہ ان کے خلاف تحریک استحقاق لائی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب! آپ ابھی مطلب ہے پریولج موشن لے آئیں، پیش کر لیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: Okay Sir; thank you, Sir۔ بس میں ابھی اس کو ڈرافٹ کرتا ہوں اور لاتا ہوں۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: قلندر لودھی صاحب! آپ کچھ کہہ رہے ہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! چونکہ 'کوئسچنز آور' کے بعد پریولج موشن کا نمبر ہوتا ہے اور یہی Right time ہے کیونکہ اس کے بعد پھر آپ کو رول 'سسپنڈ' کرنا پڑے گا، اگر انہوں نے لکھا ہے تو میرا یہ ہے کہ ابھی اس کو پیش کر کے وہ کر لیں کیونکہ پھر جب آپ ایڈجرنمنٹ موشن پہ آئیں گے تو پھر آپ کو رول 'سسپنڈ' کرنا پڑے گا تو اس سے اچھا ہے کہ ابھی یہ ٹائم ہے۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: لودھی صاحب! آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں، فرمائیں۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، چونکہ ایک اچھے ماحول میں بات ہو رہی تھی اور سب نے یہ اخبار پڑھا، سب نے دیکھا لیکن ہمارے نوجوان ساتھی گنڈاپور صاحب کے جذبات تھے، انہوں نے بات کر دی، Mind ہر ایک نے کیا ہے، جس نے بھی پڑھا ہے، اس نے Mind کیا۔ جناب سپیکر، میں آپ کو ایک بڑی عجیب سی بات بتاؤں کہ 2002 میں جب میں Elect ہوا تو اس وقت تک مجھے پتہ نہیں تھا، نہ کسی دوست نے بات کی، مجھے پتہ نہیں تھا کہ الاؤنسز ملتے ہیں۔ جب پہلے سیشن میں مجھے دس ہزار روپے دے رہے تھے تو میں پوچھ رہا تھا کہ مجھے کس لئے دے رہے ہیں؟ تو انہوں نے کہا کہ یہ آپ کے الاؤنسز ہوتے ہیں، مجھے بالکل By God پتہ نہیں تھا کہ اسمبلی میں آئیں گے تو اسمبلی سے ہمیں کوئی الاؤنسز بھی ملیں گے یا ہمیں کوئی ٹی اے/ڈی اے ملے گا۔ ہمارا یہ خیال تھا کہ یہ بہت بڑا اعزاز ہے، یہ خدمت کی ڈیوٹی ہے، ہم لوگوں کی

خدمت کرنے کیلئے آئیں گے اور اللہ نے ہمیں اعزاز دیا ہے کہ کروڑوں اور اربوں روپے دینے سے بھی یہ سیٹیں نہیں ملتیں اور انہوں نے ہمیں یہ سیٹ دے دی تو اس پر ہم آئے، عزت کیلئے آئے اور لوگوں کی خدمت کیلئے آئے۔ ابھی تک میں نے اور بہت سارے دوست ایسے ہیں کہ ایک پائی بھی انہوں نے نہیں لی، میڈیکل کی نہیں لی، کسی چیز کی نہیں لی اور اسی طرح دوسرے لوگ بھی ہیں۔ ابھی میں ایک دفتر میں بیٹھا ہوا تھا تو جناب سپیکر، آج صبح کی ہی بات ہے، میں ایک دفتر میں بیٹھا ہوا تھا تو کسی نے پوچھا کہ آپ کا اجلاس کب Prorogue ہو گا؟ میں نے کہا کہ شاید Monday کو یا آج، تو اس نے کہا کہ کروڑوں خرچ کرکے آپ نے کیا کیا ہے؟ اس نے دوسرے کو، اس کو پتہ نہیں تھا کہ میں ایم پی اے ہوں، میں نے اس کو کہا کہ بھئی ہم تو جب ایبٹ آباد سے آتے ہیں تو ہمارا پانچ چھ ہزار کا صرف ڈیزل لگ جاتا ہے اور ہمیں ملتا کیا ہے؟ پیسے لینے کیلئے کوئی نہیں آتا، یہ ایک عزت کیلئے لوگ آتے ہیں کہ اس ہاؤس میں آنے میں ایک عزت ہے اور لوگوں کی ہم خدمت کر رہے ہیں اور اس میں یہ کوئی نہ سمجھے کہ بھئی ہم پیسے کمانے کیلئے آ رہے ہیں، اس میں قطعاً کسی کا وہ نہیں ہے۔ اتنا ٹائم اگر آدمی کسی اور کام یا کسی اور جگہ پہ لگائے، کوئی کاروبار کرے، جس نے پیسے کمانے ہیں، یہ تو ایک عزت ہے اور خدمت کا جذبہ ہے جی اور اس کو ہر ایک کو سمجھنا چاہیئے اور مجھے تو پتہ نہیں ہے لیکن آج چونکہ میڈیا اتنا آزاد ہو گیا ہے کہ ہر ایک چیز کو اس نے ہلا کے رکھ دیا ہے۔ 2002ء میں Elect ہونے تک مجھے پتہ نہیں تھا کہ ایم پی ایز کو یا ایم این ایز کو الاؤنسز ملتے ہیں، میں یہ سمجھتا تھا کہ لوگ اپنا خرچ کر کے جاتے ہیں اور یہ سب کچھ خدمت کیلئے اور یہ بڑی عزت کی سیٹ ہے جی اور آج بھی اس میں یہی سمجھتا ہوں کہ یہ عزت کی سیٹ ہے اور لوگوں کی خدمت کیلئے ہے نہ کہ پیسے کمانے کا اس میں کوئی عمل شامل ہے جی، تو یہ ہر ایک کو سمجھنا چاہیئے جی۔ شکریہ جی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈہ پور: سر! اگر آپ اس کو اناؤنس کریں تو میں Present کرتا ہوں۔

جناب پرویز احمد خان: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب پرویز خان۔

جناب پرویز احمد خان: جناب سپیکر صاحب، خنگه چه عبدالاکبر خان کومه خبره اوکړه نو مونږ بالکل د دے په حق کښے یو۔ تقریباً دا ملک ټول د میډیا په وجه باندے، بعضے بعضے شیزونو باندے تباه و برباد دے او خاصکر زمونږ په دے

فلور چه دا کومه قانون سازی کیږی، دا غتے غتے خبرے دی، دا دومره وړے خبرے نه دی، مونږ دلته راغو د دے خپل وقار د پاره، د ملک د دغه د پاره خو دومره غلط طریقے سره دا پیش کول یو ډیر زیاتے دے زمونږ د دے هاؤس سره۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب اسرار! تیار شو؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اجازت ہے، میں Present کروں؟

Mr. Deputy Speaker: Mr. Israrullah Khan Gandapur, MPA, to please move his privilege motion in the House.

جناب بشیر احمد بلور {سینئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر صاحب! یو منټ عرض کوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بشیر بلور صاحب پلیز۔

سینئر وزیر (بلدیات): دا پریس والا ټول لاړل بهر ته نو زما دا خیال دے، زما دا ریکویسټ دے هاؤس ته که تاسو په دے Agree کیږئ چه ورسره خبره اوشی، دوئ د سبا معذرت اوکړی نو ټهیک ده، مونږ به استحقاق نه راولو او که معذرت نه کوی نو بیا به استحقاق راولو چه دوئ واپس راشی، که ستاسو صلاح وی نو، ولے چه دا پریس۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! اس میں گزارش یہ ہے کہ ہم نے تو میڈیا کے متعلق کوئی بات نہیں کی ہے، ہم نے صرف یہ کہا ہے کہ ہم ممبران اسمبلی اس وجہ سے خاموش ہیں کہ کل کو ہمارے میڈیا کے یہ بھائی برا نہ مانیں، اگر یہ اپنے بندے کو Disown نہیں کریں گے، جس کے خلاف ہمارے پاس قانون موجود ہے اور وہ باقاعدہ ٹریلر چلا رہا ہے تو کیا ہمارے پاس یہ بھی حق نہیں ہے؟ میری تو سر، یہ گزارش ہو گی کہ اس کو ہم کمیٹی کو پیش کر دیں اور پھر وہ ہمارے بھائی ہیں، بالکل ہم ان کو لے آئیں گے، ہمارا تو میڈیا سے کوئی جھگڑا نہیں ہے بلکہ اس شخص سے ہے یا اس اخبار سے ہے کیونکہ سر، اگر آپ کالم چھاپتے ہیں تو کالم ایک شخص کی ذاتی رائے ہے لیکن اگر آپ خبر دیتے ہیں اور وہ آپ کا ایڈیٹر من و عن شائع کر دیتا ہے تو یہ جو ایڈیٹر ہے، اس نے اس کو سنسر کیوں نہیں کیا؟ اس کے متعلق میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ پھر یہ اخبار کی پالیسی ہے کہ وہ ہمیں Malign کر رہا ہے تو اسی وجہ سے میں کہتا ہوں کہ یہ اگر کسی شخص کی ذاتی رائے ہے تو ہمیں اس

میں Differentiate کرنا چاہیئے اور Differentiate اس وقت ہو سکے گا جب ہم اس کو کمیٹی میں ریفر کریں گے اور اس کو Thrash out کریں گے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میری آپ سب بھائیوں سے درخواست ہے کہ میڈیا ایک Important factor ہے ڈیموکریسی کا اور ہماری اسمبلی میں اگر ہم سب کچھ بھی کر لیں، اگر میڈیا کل اس کو کوریج نہ دے تو اس کی کوئی Value نہیں ہوتی اسلئے۔۔۔۔

(شور)

جناب عبدالاکبر خان: یہ نہ دیں، نہ دیں جناب سپیکر، ہزار دفعہ نہ دیں لیکن وہ ہمارا Character assassination تو نہ کریں۔ ہم تو میڈیا کے Against نہیں ہیں، ہم تو اخباروں کے Against نہیں ہیں، ہم تو ان کی Independence کے Against نہیں ہیں بلکہ ہم اس شخص کے Against ہیں جو یہ چاہتا ہے، Deliberately کوشش کر رہا ہے کہ وہ ہمارا Character assassination کرے۔ ہم تو سارے میڈیا کی بات نہیں کرتے، اگر وہ ایک شخص جو اس طرح کی حرکتیں کر رہا ہے، اس پر وہ واک آؤٹ کرتے ہیں تو کیا ہم سارے ممبران، پھر اگر اس طرح بات ہے تو کیا ہم واک آؤٹ نہیں کر سکتے؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! دیکھیں بشیر خان کہہ رہے ہیں کہ میڈیا ہماری رپورٹنگ نہیں کرے گا تو میں ان کو کہتا ہوں کہ یہ میڈیا چلے گا کیسے؟ یہ میڈیا تو آپ لوگوں کی وجہ سے چل رہا ہے، اخبار چل رہے ہیں۔ اگر آپ اپنے آپ کو اتنا Weak اور کمزور سمجھتے ہیں کہ جب ہم اخباروں میں نہیں آئیں گے، ہم کمزور ہونگے ان کی یونین کی وجہ سے سر، اگر ان کی یہ یونین ہے اور ہم اتنے سارے بیٹھے ہیں، اگر ہم اور کچھ نہیں کر سکتے تو میرے خیال میں ان کی جو تحریک استحقاق ہے، اس کو سپورٹ کرنا چاہیئے اور اس کو پیش ہونا چاہیئے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں یہ کہتا ہوں کہ میں نہیں کہتا کہ وہ ہماری رپورٹنگ کریں گے یا نہیں کریں گے، اس سے فرق نہیں پڑتا، اللہ کا شکر ہے ہم لوگوں میں ہر ایک ووٹ لے کر آیا ہے اور اپنے علاقے میں ان کے لوگوں کو پتہ ہے کہ آپ کی کیا حیثیت ہے؟ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ میرے کہنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ یہ میڈیا Independent media ہے اور میڈیا کے ساتھ اختلاف ڈالنا جو ہے، میرے اپنے ذہن میں

ہو سکتا ہے غلط ہو، میں آپ کے ساتھ ہوں، آپ کی بات کا میں انکار نہیں کرتا مگر میں یہ سمجھتا ہوں کہ میڈیا چونکہ ڈیموکریسی کا ایک ستون ہے اور اگر اس کے ساتھ ہم اس اسمبلی میں بیٹھ کر ایسی قرارداد پاس کر لیں گے۔۔۔۔

(قطع کلامی)

سینیئر وزیر (بلدیات): دیکھیں میں بات کر لیتا ہوں، آپ جو کچھ کہتے ہیں، ہم اسی طرح کریں گے مگر میں یہ کہتا ہوں کہ آپ دوبارہ اگر اس کو Reconsider کر لیں، بیٹھ کر ان سے بات کی جائے کہ بھئی آپ نے یہ کام غلط کیا ہے اور آپ اس کو مہربانی کر کے Contradict کریں جیسا کہ ہمارے خلاف ایک بات آتی ہے، Individual کے خلاف اور پھر ان کو کہا جاتا ہے کہ آپ تردید کر لیں تو Automatically وہ بات ختم ہو جاتی ہے تو اگر بات اس طریقے سے ختم ہو سکتی ہے کہ ہم اور آپ جا کر، ایک گورنمنٹ کا اور دو بندے آپ کے جا کر ان سے بات کریں کہ بھئی اگر آپ اس کو Contradict کرتے ہیں تو ٹھیک ہے، اگر نہیں کرتے ہیں تو پھر ہم وہ پیش کرتے ہیں۔ میرے خیال میں زیادہ بہتر یہ ہو گا کہ میڈیا کے ساتھ ہماری صوبائی اسمبلی کی کوئی Controversy یا کوئی اختلافات پیدا نہیں ہوں گے، میری یہ ریکویسٹ ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! میری اس میں گزارش گورنمنٹ سے یہ ہے کہ سر، ایک چیز پہ ایسا سمجھ لیں کہ میں Affectee ہوں بطور ممبر اسمبلی اور یہاں پہ میں ہاؤس میں ایک چیز لاتا ہوں اور ہمارے یہ بھائی یہاں پر بیٹھے ہیں، وہ میری پوری بات نہیں سنتے یا پوری Statement نہیں گزرتی اور وہ واک آؤٹ کر جاتے ہیں تو میں تو سر سمجھتا ہوں کہ میں تو خود متاثر ہوں، اگر گورنمنٹ یہ سمجھتی ہے تو آپ کے پاس اور بھی آئٹمز ہیں، گورنمنٹ ان کو منا لائے، ان کو Explain کر لے کہ ہمارا مقصد میڈیا کے Against نہیں ہے لیکن اگر ایک فرد واحد یا ایک ایڈیٹر جو بھی اس میں Involve ہے، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ سر، اگر یہ اسمبلی ہے اور یہ جمہوریت کا ایک Pillar ہے تو بالکل وہ جواب دہ ہو اور اگر سر، یہ قانون پھر نہیں ہے تو پھر ہم آئین اور قانون کی بات ہی نہ کریں کیونکہ کل کو سر، اگر ایک بندہ ہمارے خلاف اس قسم کی باتیں کرے گا تو سر، یہ تو تقریباً گالیاں ہیں "ممبران اسمبلی کی کنواری بہنیں" یہ غیر شادی شدہ بھی کہہ سکتے تھے اور یہ Dependent جو فرد ہوتا ہے سر، آپ کی سوسائٹی میں اگر ایک بہن آپ کے گھر میں بیٹھی ہو تو کیا آپ کی

بطور ممبر ذمہ داری نہیں ہے، وہ آپ پہ Dependent ہے اور کیا Dependent میں صرف آپ کے وہ آئیں گے جو آپ کے اہلخانہ ہونگے اور اس کو ہم کہاں باہر لے کر جائیں گے؟ تو سر، بات یہ ہے کہ اس قسم کی بیان بازی اور وہ صاحب جو ہیں، دن بدن شہ پکڑتے جارہے ہیں۔ کل کو اسمبلی کے ممبران جو ہیں چالیس دن چھٹیاں کرتے ہیں اور یہ پیسے لیتے ہیں، آج بھی آپ کا کورم مشکل سے پورا ہو رہا ہے تو سر، ممبران اسمبلی کیا سارے یہ Honorarium لیں گے؟ Honorarium تو صرف وہ لوگ لیں گے جو آج Present ہونگے، وہی Monday کو لیں گے۔ میری سر، یہ گزارش ہے کہ مہربانی کریں، اس سے ہمیں شرمانا نہیں چاہیئے، ہم State of denial سے باہر نکلیں، اگر کوئی بندہ اس میں Involve ہے، بالکل سر، وہ کمیٹی کو جائے، وہاں پہ Examine ہو، اگر وہ واقعی اس میں ملوث نہیں ہے تو بالکل ہمارا اس کے خلاف کوئی Personal vendetta نہیں ہے۔

Mr. Deputy Speaker: We will take other privilege motion.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر!

جناب ڈپٹی سپیکر: منور خان۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، میرا خیال یہ ہے کہ اسرار خان نے جو بات کی ہے تو حقیقت میں تھوڑا میرا بھی کافی عرصے سے پریس والوں سے یہ گلہ تھا لیکن اگر میری اس بات پہ یہ ناراض ہوئے ہوں، میٹرک، ایف اے اور بی اے، اگر ان لوگوں میں میٹرک اور ایف اے بی اے نہیں ہیں تو پھر تو جرنلزم کم از کم یہ اپنا سبجیکٹ ہے تو اس سلسلے میں اگر اس پہ کوئی ناراضگی ہوئی ہے تو اس کی میں معذرت کرتا ہوں سر۔

(تالیاں)

تحاریک استحقاق

Mr. Deputy Speaker: Now we will take Item No. 5. 'Privilege Motions': Mr. Israrullah Khan Gandapur MPA, to please move his privilege motion in the House.

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ روزنامہ 'مشرق' کے صحافی ابراہیم خان کے حالیہ بیانات سے نہ صرف اس ادارے کی تضحیک ہوئی ہے بلکہ اب ممبران اسمبلی کو وہ اپنا ہدف بنا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس

کا یہ Conduct ہمارے تحریک استحقاق کے جو سیکشنز ہیں، ان کی Violation ہے، لہذا اس کو کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نور څوک پرے خبرے نه کوئ؟

جناب عبدالاکبر خان: بس سر، آپ اسے ہاؤس کے سامنے Put کریں۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the privilege motion moved by the honourable Member may be referred to the Privilege Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The privilege motion is referred to the Committee concerned.

(Applause)

Mr. Deputy Speaker: Next, Mr. Parvez Ahmad Khan honourable MPA, to please move his privilege motion No. 133 in the House. Mr. Parvez Ahmad Khan, please.

جناب پرویز احمد خان: شکریہ جناب سپیکر۔ ایوان کی کارروائی روک کر مجھے ایک اہم مسئلہ پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور وہ یہ کہ میرے حلقہ پی ایف 16 نوشہرہ میں چمن زیب ولد گل حارث خان ساکن میرہ، مصری بانڈہ ایک غریب شخص ہے اور مزدور کار ہے، اس کو دو دن پہلے چوکی مرہٹی بانڈہ کا انچارج میر حسن خان اے ایس آئی گھر سے اٹھا کر لے گیا اور دو دن بلاوجہ حبس بیجا میں رکھا، پھر دوبارہ اس کو کل صبح پکڑ کر لے گیا۔ میں نے میر حسن کو فون کیا اور مذکورہ شخص کے بارے میں پوچھا کہ آپ نے اس کو کیوں حبس بیجا میں رکھا ہے؟ تو اس نے مجھ کو فون پر گالی گلوچ اور بدتمیزی کی، پھر میں نے ایس پی نوشہرہ کو فون کیا اور جو الفاظ اس نے کہے تھے، وہ ایس پی صاحب کو دہرائے، اس کے بعد میر حسن نے مجھے دوبارہ فون کیا کہ تم نے ایس پی نوشہرہ کو کیوں فون کیا ہے اور کہا کہ آپ ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور میں آپ کو دیکھ لوں گا، جس سے میرا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا میر حسن کے خلاف کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی اسمبلی کے ممبر کا استحقاق مجروح کرنے کی جرات نہ کر سکے۔

جناب والا، د دے نه علاوه زه حلفيه دا وايم چه ما ايس پی ته ټيليفون هم اوکړو خو ګيله مے د هغه نه هم ده چه هغه په څلور ورځو کښے د دومره زياتی او

د بدتمیزئ او د کنځلو هیڅ ازاله اونکړے شوه۔ جناب والا، که داسے وی نو زما به د آئنده د پاره د دے خپل هاؤس نه احتجاجاً دغه وی، که ده ته تاسو دلته سزا ور نکړه د دے هاؤس په وساطت باندے نو زه به بیا د لته دے هاؤس کښے حاضر نه یم، زما به احتجاجاً د دے نه واک آؤټ وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بشیر بلور صاحب! د دے تاسو څه وایئ، د دوئ چه په دے پریویلج موشن کښے کوم Contents دی؟ دوئ وائی چه گالی گلوچ او بد تمیزی کی، لہذا۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): زه په دے نه پوهیږم چه یو داسے ذمه وار سړے چه دوئ ئے یادوی چه هغه ایس ایچ او هم دے او بیا ورسره ایس پی هغه شان ژبه استعمال کړے ده، زه خو۔۔۔۔۔

جناب پرویز احمد خان: سپیکر صاحب! ما ایس پی نه دے یاد کړے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایس پی نه یادوی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): بنه ایس پی نه یادوی، دا هغه اے ایس آئی یادوی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا میر حسن یادوی، هغه اے ایس آئی دے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): نو زه وایمه چه دا اے ایس آئی کړی دی نو بیا دوئ ایس پی ته خبره کړے وه، ایس پی بیا څه ایکشن اغستے دے که نه، څه ایکشن ئے اغستے دے که نه دے اغستے؟ بالکل جی چه چا زیاتے کړے وی، داسے گالی گلوچ یو ایم پی اے ته کوی نو هغه خامخا پکار ده چه د دوئ دا پریویلج موشن کمیټئ ته لاړ شی چه هلته تپوس اوشی چه ولے ده کنځلے کړی دی؟ بالکل مونږ د دوئ سره Agree یو۔

سید قلب حسن: سر! زه په دے باره کښے خبره کوم۔

جناب پرویز احمد خان: جناب سپیکر! زه یو گزارش کوم چه تاسو د دے ایکشن لاندے مهربانی اوکړئ، زما د عزت، زه بالکل دے سټیج ته راغلے یم، که زما دلته تاسو د عزت خیال اونه ساتلو نو کیدے شی چه زما نه څه نور څه زیاتے اوشی، دا کمیټی به فیصله، که تاسو فوری طور د ده د سسپنشن آرډر اوکړو او د دے د۔۔۔۔۔

(شور)

جناب پرویز احمد خان: دا جی ما پرون د دے وجه نه۔۔۔۔

سینئر وزیر (بلدیات): نه اوس تاسو پریولیج موشن پیش کړے دے ، مونږ دا پریویلج کمیټئ ته ریفر کوؤ ، هلته به هغه راشی او ورسره به خبره اوکړو۔

جناب پرویز احمد خان: بشیر خان! زه تاسو ته یو عرض کوم۔ پرون ما وزیر اعلیٰ صاحب ته باقاعده لیکل هم ورکړی دی، پکار دا ده چه د هغے متعلق ایس پی ته هغوی ټیلیفون کړے وے ، تاسو سره زه دلته ولاړ ووم، هغوی الټا په هغے باندے اولیکل چه دا ، نو دا زما د عزت مسئله ده، زما د کلی چوکئ ده، زه به هله کور ته او کلی ته ځم چه زه د دے خپلے کنځلو خو بدله اخلم چه هغه یو اے ایس آئی ما سره داسے بد تمیزئ سره پیش راغلے دے۔

سینئر وزیر (بلدیات): زما ممبر صاحب ته دا ریکویسټ دے ، پکار دا وو چه ما ته به دوئ دا خبره کړے وه چه یره داسے شوی دی نو ما به د ایس پی سره خبره کړے وه، اوس خو دوئ فلور آف دی هاؤس پریویلج موشن راوستو، زه وایمه د ګورنمنټ د طرف نه چه دا پریویلج موشن د کمیټئ ته لاړ شی هلته به بیا خبره ختمه شی۔ اوس که دوئ ما ته وائی چه اوس څه خبره اوکړه، اوس خو زه په دے څه خبره نشم کولے ، پکار دا وه چه دا ئے نه وے راوستے او ما سره به ئے خبره کړے وه نو ما به ورسره څه خبره کړے وه او ایس پی د دوئ تسلی نه وے کړے نو بیا به یو خبره وه، اوس خو دوئ پریویلج موشن راوستو، اوس د دے نه پس خو مونږ هیڅ هم نشو کولے قانونی طور باندے او دا خو به کمیټی فیصله کوی او دا پریویلج موشن د لاړ شی کمیټئ ته او کمیټی به فیصله اوکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پرویز خان!۔۔۔۔

سید قلب حسن: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: قلب حسن صاحب۔

سید قلب حسن: سپیکر صاحب، دا کوم پریویلج موشن دے ، دا د کمیټئ ته راشی خو دوه ورځو کښے د سر، د دے جواب طلبی اوشی، مقصد دا دے چه یو اے ایس

آئی د ایم پی اے بے عزتی کوی نو زما خو دا خیال دے چه دے ایم پی اے ته دا حق هم نشته چه هغه دے اسمبلئ کښے کښینی، په دے چه دا سمبلئ د یو ممبر بے عزتی کیږی نو دا خو ډیره د شرم خبره دے، پکار دا ده چه دوه ورځو کښے هغوی دلته تاسو اسمبلئ ته راا وغواړئ، د هغوی نه جواب واخلئ او هغه ته د سزا ملاؤ شی۔

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر صاحب، څنګه چه ممبر صاحب خبره اوکړه، د هرے یوے خبرے لاره ده، آئین او ستاسو رول شته دے، دوئ وائی چه زما سره هغوی زیاتے کړے دے، پکار دا وو چه دے د حکومتی پارټئ سړے دے، حکومت ته به ئے دا وئیلی وو، اوس وزیر اعلیٰ صاحب ته چه شپیته زره کسان ناست وی په هغے باندے لیکی نه نو هغه به څه اوکړی؟ ما ته به ئے وئیلی وو، ما به د ایس پی سره خبره کړے وه، که د دوئ تسلی شوے وه خو ټهیک وه او که نه ئے وه نو بیا به ده پریویلج راوړے وو، زه خو هیڅ هم نشم کولے، ولے چه Already دا پریویلج موشن دے چه هغه به هم راځی، هغه به خپله خبره کوی، دے به خپله خبره کوی چه هغه ګناه ګار وی، تاسو به هغه جیل ته اولیږئ، ستاسو سره اختیار شته، تاسو هغوی کمیټئ کښے راا وغواړئ، At present, I am sorry, I tell you حکومت هیڅ هم نشی کولے دے حالاتو کښے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پرویز خان! پرویز خان، Listen to me please, please listen to me please.، د هاؤس نه زه تپوس کوم، هاؤس به کمیټئ ته ریفر کړی، بیا به کمیټی خپل ایکشن اخلی، We will do it according to law، مونږ به د قانون مطابق کوؤ چه کوم پاور ما سره د دے دی، هغسے پاور به Exercise کوؤ According to law، اوس مطلب دے چه کوم تاسو غواړئ، Immediately action، هغه Immediately action مطلب دا دے چه مونږ نشو اغستے، We will do according to law please، خیر دے هیڅ څه خبره نشته، ګوره ستاسو جذبات مجروح شوی دی، اسمبلی ټوله تاسو سره ولاړه ده، ټول ممبران تاسو سره ولاړ دی، ان شاء الله دا خلق به ورنه تپوس کوی، کمیټی به ورنه ستاسو تپوس کوی According to law، هغه له به Punishment ورکوی، هغه به ډیر زر مطلب دے په Monday باندے به د هغه کمیټئ میټنګ زه راا وغواړمه او ان شاء

الله ستا سو پوره، مطلب دا چه هغه نه بلکه په دیکښے به Further دا ایس پی مونږ رااوغواړو، په دیکښے به مونږ ایس پی هم رااوغواړو چه کوم مطلب دے هلته ډی پی او دے، He will be also called to explain his position that why did he not take action on your complaint, why he failed to take action on your complaint? I will ask him this question, don't worry, the Assembly is with you. اگر آپ کے جذبات مجروح ہوئے ہیں، اسمبلی آپ کے ساتھ ہے لیکن According to law ہم کریں گے، ٹھیک ہے؟

<u>جناب پرویز احمد خان</u>: بنه جی۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Is it the desire of the House that the privelege motion No. 133 moved by the honourable Member may referred to the Privilege Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The 'Ayes' have it. This privilege motion No. 133 is referred to the Committee concerned.

دیکښے دا میټنگ رااوغوائ په Monday باندے، دیکښے ایس پی او ټول رااوغواړئ۔

تحاریک التواء

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Now coming to Item No. 6: Mr. Abdul Akbar Khan, the honourable MPA, to please move his adjournment motion No. 249 in the House, latest one, adjournment motion, please.

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: تھینک یو جی۔ جناب سپیکر، کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے جو کہ اے ڈی پی کے غیر قانونی طور پر منجمد کرنے سے پیدا ہوا ہے۔ چونکہ اے ڈی پی کو اس اسمبلی نے پاس کیا ہے اور حکومت کی یقین دہانی کے باجود اس اے ڈی پی پر عملدر آمد نہیں ہو رہا ہے اور اے ڈی پی سے باہر سکیموں پر رقم خرچ ہو رہی ہے جو کہ اس صوبے کے عوام سے زیادتی ہے اور عوام میں بے چینی پیدا ہو رہی ہے، کارروائی روک کر اس پر بحث کر کے اس کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

جناب سپیکر، میں تھوڑی سی بات اس پر کرتا ہوں۔ میرے خیال میں یہ Unprecedented ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ صوبے کی ہسٹری میں پہلی دفعہ یہ ہوا ہوگا کہ جو اے ڈی پی اس ہاؤس نے پاس کیا ہے، اس کو سسپنڈ کیا گیا یا اس کو فریز کیا گیا۔ جناب سپیکر، میں مانتا ہوں کہ جو فلڈ اس سال اس صوبے میں آیا تھا، وہ فلڈ بھی Unprecedented تھا لیکن اس سے پہلے بھی بہت سے ایسے واقعات ہوئے ہیں لیکن کبھی بھی اے ڈی پی کو سسپنڈ یا فریز نہیں کیا گیا۔ جناب سپیکر، یہ فلڈ جتنا صوبہ سرحد میں آیا ہے تو پنجاب میں بھی آیا ہے، سندھ میں بھی آیا ہے، بلوچستان میں بھی آیا ہے لیکن کسی بھی صوبے نے اپنے اے ڈی پی کو سسپنڈ یا فریز نہیں کیا ہے سوائے ہمارے صوبے کے۔ ٹھیک ہے جناب سپیکر، اب ایک طرف ہم یہ بات کرتے ہیں کہ جو وسائل ہیں، وہ آبادی کی بنیاد پر تقسیم ہونے چاہئیں۔ ہمارا صوبہ اور اس اسمبلی نے مرکز سے بار بار یہ مطالبے کئے ہیں کہ جو وسائل ہیں، وہ آبادی کی بنیاد پر ہمیں دیئے جائیں، اسی طرح جناب سپیکر، وہ اضلاع جن میں فلڈ نہیں آیا ہے جناب سپیکر، ان اضلاع کے عوام کا کیا اس صوبے کے ایک سال کے اے ڈی پی پر کوئی حق نہیں ہے؟ کیا وہ اضلاع یا وہ علاقے جہاں پر فلڈ نہیں آیا، وہ اس ایک سال میں ترقی سے محروم رہیں گے؟ جناب سپیکر، وہ حلقے یا وہ اضلاع جہاں پر فلڈ نہیں آیا تو آبادی کے لحاظ ان کا یہ حق نہیں ہے کہ ان پر اس صوبے کے وسائل خرچ کئے جائیں؟ لیکن جناب سپیکر، اس کے باوجود بھی کہ یہ کیبنٹ کا Decision تھا اور جناب سپیکر، ذاتی طور پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک غیر آئینی Decision تھا، اسلئے جناب سپیکر، کہ جب یہ اسمبلی ایک اے ڈی پی کو پاس کرتی ہے تو پھر صرف اسی اسمبلی کے پاس یہ پاور ہے کہ وہ اس اے ڈی پی میں چینج لائے، اس اے ڈی پی کو فریز کرے یا اس اے ڈی پی کو سسپنڈ کرے، یہ پاور صرف اس اسمبلی کے پاس تھی لیکن اس وقت فلڈ کے جو حالات تھے، اس کو دیکھتے ہوئے اسمبلی کے سارے ممبران نے یہ قربانی دی کہ اس کو سسپنڈ کیا جائے لیکن جناب سپیکر، کیا ہوا؟ ہم نے تو پھر اس اسمبلی میں یہ پوائنٹ اٹھایا کہ ٹھیک ہے، آپ نے تو اے ڈی پی کو سسپنڈ کیا ہے لیکن جو ہم دیکھ رہے ہیں کہ آپ میں وہ Capacity نہیں ہے کہ آپ یہ 17 ارب روپے جو اس اے ڈی پی کا حصہ ہیں، اس کو آپ Flood affected areas میں خرچ کر سکیں گے؟ ہم نے تین چار دفعہ یہ بات کی کہ وہ ڈیپارٹمنٹس جب ایک سال کی سکیمیں بناتے ہیں اور پھر ان پیسوں کو خرچ کرتے ہیں تو اکثر جون میں ان کے پاس وہ پیسے سرپلس رہ جاتے

ہیں، وہ خرچ نہیں کر سکتے۔ جناب سپیکر، ابھی بھی آپ اخباروں میں دیکھیں تو وہ کہتے ہیں کہ ہمارا ٹوٹل اے ڈی پی کا اس وقت 11% خرچہ ہوا ہے، اب تقریباً سات آٹھ مہینے گزرنے کو ہیں، اگر ان سات آٹھ مہینوں میں 11% اے ڈی پی خرچ ہوا ہے تو باقی جو 90% اے ڈی پی ہے، اس کا کیا ہوگا؟ لیکن جناب سپیکر، ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس اے ڈی پی سے باہر جو سکیمیں لائی جا رہی ہیں، اس اے ڈی پی سے باہر پیسے خرچ ہو رہے ہیں، اگر وہ Flood affected areas پر ہوتے تو ٹھیک ہے جی، ہم نے قربانی دینی ہے، ہم نے اپنے عوام کو اس بات پر قائل کرنا ہے کہ ٹھیک ہے صوبے میں فلڈ آیا ہے، اسلئے آپ کو قربانی دینا ہوگی لیکن اگر وہ پیسے Flood affected یا Flood damaged areas کے علاوہ ایسے علاقوں پر خرچ ہوں جو اے ڈی پی کا حصہ بھی نہیں ہیں، وہ سکیمیں جو اس اے ڈی پی میں منظور بھی نہیں ہوئی ہیں تو ہم نہیں سمجھتے کہ اس کو ہم کیا شکل دیں اور پھر جناب سپیکر، جب سپلیمنٹری بجٹ آئے گا تو فلڈ کا تو ہم پاس کر سکیں گے، ہم نے مان لیا کہ جو Flood affected ہیں، اس میں اگر زیادہ پیسے خرچ ہوئے ہیں لیکن خرچ تو ہوئے ہیں اور پاس کریں گے لیکن وہ پیسے جو نہ تو Flood affected areas ہیں اور نہ اے ڈی پی کی سکیموں کیلئے ہیں، وہ پیسے پھر ہم سے دوبارہ پاس کروائے جائیں گے۔ یہاں پر تو پی اینڈ ڈی منسٹر نے ہمارے ساتھ یہ Commitment کی تھی کہ جی ہم نے آرڈر کیا ہے کہ پی سی ونز بنائے جائیں، ہم نے آرڈر کیا ہے کہ اے ڈی پی کی سکیموں کے پی سی ونز بنائے جائیں تو ہم نے ان کو بار بار یہ کہا ہے کہ مارچ اپریل تک اگر آپ Percentage کے حساب سے ان Flood affected areas پر اے ڈی پی سے جو خرچ کر سکتے ہیں، وہ خرچ کر لیں لیکن جب آپ کے پاس پیسے بچتے ہیں تو آپ کا اپنا جو نیا اے ڈی پی ہے اس سال کا، اس کو تو آپ بالکل Ignore نہ کریں، اس پر آپ کاغذی کارروائی تو شروع کریں، پی سی ونز بنانا شروع کریں لیکن انہوں نے یہاں پر ہمارے ساتھ یہ Commitment کی کہ ہم نے پی سی ونز بنانے کا حکم دیا ہے لیکن جناب سپیکر، اس کے بھی تقریباً تین مہینے ہو گئے۔ اب مجھے کوئی بھی ممبر بتادے کہ بلاک ایلوکیشن میں جو سکیمیں ہیں، جس پر ہر ایک ایم پی اے کے حلقے کا حق ہے، کیا ایم پی اے سے ان سکیموں کے متعلق پوچھا گیا ہے، کیا کسی سکول کے متعلق، کسی روڈ کے متعلق، کسی ہائی سکول کے متعلق، جو اے ڈی پی میں بلاک ایلوکیشن پہ رکھے گئے ہیں، اس میں کسی ایم پی اے سے پوچھا گیا ہے کہ آپ ہمیں سکیم دے دیں اور جب ہم

سے پوچھا تک نہیں گیا ہے تو پی سی ونز کیسے بنائیں گے، جب ہم سے پوچھا نہیں کیا گیا ہے تو کس چیز کا پی سی ون بنائیں گے؟ جناب سپیکر، ایک طرف تو حکومت کے پی اینڈ ڈی منسٹر صاحب یہاں پر فلور آف دی ہاؤس Commitment کرتے ہیں اور ہم ان کی بات پہ یقین کر کے کہ یہ سینیئر منسٹر صاحب ہیں، ہم نے ان کی بات پر یقین کیا اور ہم خاموش ہو گئے لیکن ابھی جناب سپیکر، میرے پاس یہ اخبار ہے، اس میں ایسی سکیمیں ہیں جو اس اے ڈی پی کا حصہ نہیں ہیں، ان کیلئے جناب سپیکر، ٹینڈر ہو رہے ہیں تو میری درخواست ہوگی کہ یا تو اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے یا اس کو ایڈمٹ کیا جائے، بعد میں پھر اس پر بحث ہوگی اور جب آنریبل منسٹر اس کا جواب دینگے جناب سپیکر صاحب، حکومت جواب دے گی تو پھر اس پر میں مزید بات کرونگا۔ تھینک یو جی۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: قلندر لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب، یہ ٹھیک ہے کہ فلڈ آیا ہے اور چھ ڈسٹرکٹس زیادہ متاثر ہوئے ہیں لیکن اے ڈی پی فریز ہونے سے گورنمنٹ پر صوبے کے عوام کی بداعتمادی بھی زیادہ بڑھ گئی ہے کہ چونکہ یہ گورنمنٹ کے ڈسٹرکٹس تھے، یہاں سے زیادہ وہی لوگ Elect ہوئے ہیں تو یہ ایک بہانہ بنا کر سارا اے ڈی پی وہاں خرچ کرنے کا ایک جواز انہوں نے بنایا ہے۔ چونکہ 2005 کی مثال ہمارے سامنے ہے کہ زلزلہ آیا، لاکھوں لوگ اس میں شہید ہوئے، لاکھوں لوگ اس میں اپاہج ہوئے اور ایک بہت بڑا سانحہ ہوا جو کہ میرے خیال میں دنیا میں یا ہمارے ملک میں تو بہت ہی بڑا تھا، اس میں کبھی نہ کوئی اے ڈی پی فریز ہوا، نہ کسی کا کام روکا گیا۔ اب اس میں بھی باہر سے امداد آئی ہے، لوگوں نے بھی ہمیں دی ہے، قرضے بھی دیئے ہیں اور اس کے بعد ایڈ بھی دی ہے، ٹھیک ہے کہ ان کو اگر جہاں ضرورت تھی تو اس وقت تو ٹھیک تھا کہ وہ ایسا وقت تھا، ایمرجنسی تھی تو اس وقت ٹھیک تھا کہ اس کو فریز کر کے کچھ کام کئے گئے لیکن اس کے بعد اس اے ڈی پی کو بحال کرنا ضروری تھا۔ چونکہ یہ چھوٹے چھوٹے کام جو حلقے میں ہمیں ملے ہوئے ہیں، لوگوں کی بڑی خواہش ہوتی ہے کہ میرا اسکول بن جائے گا، مجھے پرائمری سکول مل جائے گا، میرا ایک کلومیٹر روڈ ہو

جائے گا، مجھے پانی مل جائے گا، مجھے یہ یہ Facility مل جائے گی تو یہ سر، بداعتمادی گورنمنٹ کے متعلق زیادہ پیدا ہوئی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا!

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک قاسم خان۔

ملک قاسم خان خٹک: سر، محترم عبدالاکبر خان چه دا کومه خبره په گوته کړے ده، دا ډیره اهمه ده او اسمبلئ ته په دے باندے خاص غور پکار دے او په دے باره کښے یو فیصله پکار ده۔ جناب والا، اول خو دا اے ډی پی بالکل غیر قانونی معطل شوے ده، دا به اسمبلئ ته راتله، اسمبلئ ته دا اختیار حاصل وو او اوس چه دا څه سکیمونه کیږی، صرف مخصوص یو څو حلقو ته کیږی لګیا دی، په اے ډی پی باندے باقاعده لګیا دی پیسے ئے خرچ کړے دی، برائے نام فریز ده او په دے باره کښے زه باقاعده هائی کورټ ته لاړیم چه په ډائریکټیوز باندے دا ټول بجټ چلیږی۔ جناب والا، دا یو عجیبه غوندے خبره ده چه سپیشل ډائریکټیوز ایشو شو یو ایم پی اے ته، دا پته خو دے ممبرانو ته اولګی کنه چه زمونږ په حلقه کښے څومره سکیمونه اوشول او د مخصوصو حلقو، Comparative statement هغه بله ورځ۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Munawar Sultana please, I will kick you out from the House if you repeated your practice?

ملک قاسم خان خٹک: مونږ خو جی مخکښے دا ریکویسټ کړے وو چه د خپلو ممبرانو ته اوښائیلے شی چه د دے اے ډی Comparative statement پی نه او د دے فنډونو نه څومره خلقو ته څومره سکیمونه ایشو شوی دی او جناب والا، په دے د باقاعده بحث اوشی او د بحث د پاره د منظوره شی او د دے د پاره د کمیټی جوړه شی او د دے حتمی فیصله اوشی چه اخر زمونږ د حلقے عوامو څه ګناه کړے ده؟ ټول عوام په دے انتظار دی چه زمونږ سکیمونه به تر کومه پورے کیږی؟ شکریه۔

سردار شمعون یار خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار شمعون خان پلیز۔

سردار شمعون یار خان: شکریہ جناب سپیکر، یہ بالکل بہت ضروری بات ہے جس کی نشاندہی عبدالاکبر خان صاحب نے کی ہے اور جہاں تک میرا خیال ہے جی تو اس پورے اے ڈی پی کو روکنے سے یہ کسی ایک علاقے کو بہتر نہیں کر سکتے بلکہ اس طرح سے ہم ان پراجیکٹس سے پورے صوبے کو محروم رکھ رہے ہیں تو میری یہ حکومت سے گزارش ہے اور ایوان کو بھی یہ کہونگا کہ ان کی یہ جو تجویز ہے، اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ وہاں بیٹھ کر اس کا حل نکالا جائے اور یہ جو اے ڈی پی ہے، اس کو فوری طور پر بحال کریں تاکہ جو پراجیکٹس رکے ہوئے ہیں یا نہیں ہوئے ہیں تو فوری طور پر ان پہ کام کیا جائے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر!

جناب ڈپٹی سپیکر: آج جمعہ کا دن ہے اور آپ پلیز مختصر کریں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو سر۔ سر، میں اس میں بالکل ان کو سیکنڈ کرتا ہوں اور دو چیزوں کا میں اضافہ کرنا چاہتا ہوں۔ سر، مجھے تو ابھی اس کے سٹیٹس کا پتہ نہیں چلتا کیونکہ 17 ارب آپ نے فریز کئے ہوئے تھے، اچھا اس 17 ارب کو Suppose اگر ابھی آپ Unfreeze کرتے بھی ہیں تو سر، میں تو سمجھتا ہوں کہ Already we are late اور بجائے اس کے کہ ہم اس کو کمیٹی کو ریفر کریں، سینیئر منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، وہ ہمیں یہ یقین دہانی کرائیں، Already جو پی اینڈ ڈی کے منسٹر صاحب تھے، ان کے متعلق تو میں یہ کہونگا کہ "غضب کیا تیرے وعدے پہ اعتبار کیا"، انہوں نے ہمیں تین ماہ پہلے جو بات کی ہوتی تو آج ہمارا یہ حال نہ ہوتا۔ ابھی جو ہماری سکیمیں ہونگی سر، ان کا سٹیٹس کیا ہوگا؟ کیونکہ یہ آپ کی نیو سکیمز تھیں، ابھی اگر Suppose آپ ان کو Carry کرتے ہیں اگلے سال کیلئے تو یہ آپ کی Ongoing بن جائیں گی، ٹھیک ہے جی Ongoing اس وقت بنیں گی جب آپ اسے Timely پی ڈی ڈبلیو پی سے Approve کرا سکیں اور اس میں کچھ پینڈنگ کر سکیں کیونکہ Already آپ اس چیز میں لیٹ ہیں۔ دوسرا سر، درانی صاحب کے ٹائم پر ایک بار ایسا ہوا تھا کہ ممبران اسمبلی کیلئے انہوں نے نئی اصطلاح لائی تھی، پتہ نہیں کہ محکمہ خزانہ نے ان کو ایڈیشنل اے ڈی پی پہ گائیڈ کیا تھا؟ اس ایڈیشنل اے ڈی پی میں نو سو سکیمیں تھیں اور جو اصل اے ڈی پی تھا، اس میں دس تھیں یا بارہ تھیں۔ ممبران اسمبلی ایڈیشنل کے نام پر

ایک سال گزارتے گئے اور End of the day یہ ہوا کہ جس نے کام نکالنا تھا، اس ایڈیشنل سے سمری پر Approval لیتے گئے۔ مجھے تو سر، یہ لگتا ہے کہ یہ وہی ایڈیشنل اے ڈی پی کا میرے خیال میں جو طوق ہے، ہمارے گلوں میں بھی پڑیگا۔ منسٹر صاحب سر، مہربانی کرکے ہماری تسلی کرائیں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! میں ایک بات۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: یہی بات ہوگی، Instead of repetition, the same matter، میں بشیر بلور صاحب سے وہ کرونگا، اچھا منور خان۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، جیسا کہ عبدالاکبر خان نے بات کی ہے تو سر، میں بھی یہ چیز اخبار میں دکھانا چاہتا ہوں کہ اسمبلی میں ایم پی ایز کا Interest ختم ہو رہا ہے اور سر، اس کی ایک وجہ یہی ہے کہ اے ڈی پی فریز ہے اور پبلک کو بھی ہم یہی کہتے چلے آرہے ہیں کہ اے ڈی پی فریز ہے تو اس وجہ سے آپ کے کام نہیں ہو رہے لیکن جب پبلک ہمارے پاس وہ اخبار لیکر آتے ہیں اور 11-2010 کا اے ڈی پی نمبر بھی دیتے ہیں اور اس میں وہ اماؤنٹ بھی Mention کرتے ہیں اور اس کے ٹینڈرز اخبار میں آتے ہیں تو سر، پھر اس پبلک کو، اس عوام کو ہمارے پاس کہنے کو کچھ نہیں ہوتا کیونکہ ہم جھوٹ بھی نہیں بول سکتے اور نہ جھوٹ بولتے ہیں لیکن جب اس قسم کی چیزیں اخباروں میں آجاتی ہیں تو میں جناب بشیر خان سے یہ گزارش کرونگا کہ کم از کم اس چیز پر ذرا غور کریں تاکہ یہ اے ڈی پی جو ابھی تک اسی طرح فریز پڑا ہے، اس کو دوبارہ بحال کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جعفر شاہ صاحب! پلیز مختصر کریں، بس یہی بات ہے۔

